40
اسرارِ نادِ علیؑ
(وظائف نادِ علی)
کتاب مستطاب مشتمل با عملیات مجربات
از آثار قلم جناب مستطاب سرور علامہ
الشیخ عبدالعلیؒ ہروی طہرانی (مرحوم مغفور)

اسرارِ نادِ علیؑ

(وظائف نادعلی)

کتاب مستطاب مشتمل باعملیات مجربات

ازآثارقلم جناب مستطاب سرور علامہ
الشیخ عبدالعلیؒ ہروی طہرانی (مرحوم مغفور)

ناشر

حیدری کتب خانہ
Haidery Kutub Khana
14/15, Mirza Ali Street, Imamwada Road, Mumbai-400009
Tel.: 5657£934 (R) 23711929 Fax : 23750123

ادبی دنیا ۵۱۰ مٹیا محل دہلی ۶

انتساب

گلستان زہراء کی یہ پیشکش میں اپنے والد مرحوم و مغفور خلیفہ سید سعادت حسین جن کو علامہ شیخ عبدالعلی الہروی اعلیٰ اللہ مقامہ سے خاص عقیدت تھی کے نام نامی سے معنون کرتا ہوں۔ مومنین سے التماس ہے کہ مرحوم کی بلندی درجات کے لئے ایک بار سورہ حمد اور تین بار سورہ اخلاص کی تلاوت فرمائیں۔

ناشر

خلیفہ سید حسن مہدی

۲۲ مارچ ۱۹۹۸

سلام

علیؑ علامہ رشید ترابیؒ

ہے یہی وقت ان کا دامن تھام لے
گرنے والے اب علیؑ کا نام لے

مرحبوں کے سر پہ ہے تیغ علیؑ
اپنا بدلہ صبح لے یا شام لے

ہے مئے حب علیؑ کچھ تند و تیز
حُر بنے جو مستیوں سے کام لے

وہ علیؑ کی نیند ہے ہجرت کی رات
ہر نفس پر رب سے جو انعام لے

ہے ابوذرؓ سے ولا تو اپنے سر
حق پرستی کا بھی اک الزام لے

کب ہے مشکل حق و باطل کی تمیز
کوئی کروٹ تو دلِ ناکام لے

بے مودّت آدمی معذور ہے
جس طرح جو معنی اسلام لے

آخر اس چوکھٹ پہ آنا ہے تجھے
جانے والے یہ بھی اک پیغام لے

دفن اصغر ہو گئے شہ نے کہا
میرے بچے اب یہاں آرام لے

عصر عاشور آئی آواز رسولؐ
فاطمہ بازوَ زینب تھام لے

قید خانے میں کوئی بچی ہے دفن
اک امانت اور ملک شام لے

اے ترابی مفت ہے آبِ حیات
موت کے ہاتھوں کوئی جام لے

فہرست

نادِ علیؑ

نَادِ عَلِیًّا مَظْهَرَ الْعَجَآئِبِ
تَجِدْهُ عَوْنًا لَّكَ فِی النَّوَآئِبِ
كُلُّ هَمٍّ وَّغَمٍّ سَیَنْجَلِیْ
بِوَلَایَتِكَ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ

پیش لفظ

مومنین کرام! زیرِ نظر کتابچہ جو نادِ علیؑ کے خواص اور تاریخی پس منظر کے علاوہ بعض سریع الاجابہ دعاؤں اور مجرب اعمال پر مشتمل ہے سرکار علامہ شیخ عبدالعلی الہروی اعلیٰ اللہ مقامہ کی تالیفات میں سے ہے۔ اس کا قلمی نسخہ راقم الحروف کو تقریباً بیس سال پہلے پروفیسر سید وزیر الحسن عابدی مرحوم کے کتب خانہ سے دستیاب ہوا۔ پروفیسر صاحب موصوف نے بھی اسے علامہ شیخؒ کی تالیف قرار دیا اور باکمال مہربانی مجھے اس قلمی نسخہ کی فوٹو سٹیٹ لینے کی اجازت مرحمت فرمادی۔ یہ فوٹو سٹیٹ کتابچہ مجلد حالت میں ایک طویل مدت میری لائبریری میں رہا۔ حال ہی میں یہ کتابچہ پھر میری توجہ کا مرکز بنا اور میں نے اسے علامہ طالب جوہری صاحب قبلہ کو دکھایا۔ علامہ موصوف نے اسے بے حد پسند فرمایا اور اپنے لئے ایک فوٹو کاپی کا مطالبہ بھی کیا، جو ان کی خدمت میں پیش کر دی گئی۔ علامہ طالب جوہری صاحب کے ہاں اس کی مزید نقول ہوئیں اور ایک نقل مولانا محمد نواز کربلائی سکنہ جنڈ بھروانہ نے بھی حاصل کی۔ وہ ایران جا رہے تھے اسے اپنے ہمراہ ایران لے گئے وہاں اسے بعض علماء نے دیکھا اور بے حد سراہا۔ وہیں ایران میں بعض پاکستانی دوستوں نے کربلائی صاحب کو اس رسالے کا اردو ترجمہ کرنے کا مشورہ دیا۔ چنانچہ اب اس کا اردو ترجمہ جو مولانا محمد نواز کربلائی کی کاوش قلم کا نتیجہ ہے آپ کی خدمت میں حاضر ہے۔ علامہ

طالب جوہری صاحب قبلہ نے بھی اس کتابچے کو بغور ملاحظہ فرمانے کے بعد اس امر کی تصدیق کی ہے کہ تحریر کا انداز ظاہر کر رہا ہے کہ واقعی یہ علامہ شیخ اعلیٰ اللہ مقامہ کے دست مبارک کا لکھا ہوا مسودہ ہے۔

مواعظ حسنہ جو شیخؒ کا ایک یادگار مجموعہ مجالس ہے اس کے شروع میں علامہ سید محمد سبطین سرسوی اعلیٰ اللہ مقامہ نے شیخ موصوف کے مختصر حالات زندگی اور ایران سے ہندوستان آمد کے واقعات قلم بند کئے ہیں۔ اس میں ایک جگہ آپ تحریر فرماتے ہیں ''علامہ شیخ اعلیٰ اللہ مقامہ کی تصنیفات میں سے ایک مسودہ جو امامت سے متعلق تھا نہ مل سکا، اس مسودہ کے ساتھ ہی آپ کے خاص اوراد، وظائف و اعمال کا مجموعہ بھی مفقود ہو گیا، ان دونوں چیزوں کے گم ہونے کا مجھے سخت صدمہ ہے۔'' زیر نظر مجموعہ غالباً وہی نسخہ ہے جس کا ذکر علامہ سبطین مرحوم نے کیا ہے۔

علامہ شیخؒ کی تبحر علمی اور روحانی کمالات کی ایک معمولی سی جھلک آپ مواعظ حسنہ کے مطالعے سے حاصل کر سکتے ہیں۔ حضرت شیخؒ بحیثیت ایک عالم ہندوستان تشریف لائے۔ دو سال کراچی میں گم نامی کے گزارے۔ کراچی سے سندھ اور پھر پنجاب پہنچے۔ اکثر مالیر کوٹلہ، لاہور اور پٹیالہ میں قیام رہا۔ ایسے رؤسا کے مکان پر نہ گئے جہاں سے فوراً شہرت ہوتی۔ ایک مدت تک ایک عامل و زاہد کی صورت میں زندگی بسر کرتے رہے۔ نہ کہیں وعظ تھا اور نہ تقریر رفتہ رفتہ لوگوں کو معلوم ہوا کہ یہ خاموش اور مقدس صورت ایرانی تو یکتائے روزگار ہے۔ آپ کی سب سے پہلی مجلس پٹیالہ میں منعقد ہوئی اور مولانا خلفیہ سید محمد کاظم مرحوم و مغفور اور جناب مولانا سید عنایت علی شاہ مرحوم نے ان کے کمالات علمی محسوس کر کے اہل علم سے متعارف کروانا شروع کیا۔ علامہ سید محمد سبطین اعلیٰ اللہ مقامہ ایک

جگہ لکھتے ہیں کہ سب سے پہلے پٹیالہ کے مجلسی خلیفہ سید محمد کاظم مرحوم کی بزم عزا میں اس مرکز علم کی زیارت سے دیدہ دل روشن کیا۔ بہر حال اس ساری تفصیل لکھنے کا مقصد یہ ہے کہ علامہ شیخ کے کمالات علمی کا آغاز پٹیالہ سے ہوا اور اس کا سہرا بھی خلیفہ خاندان کے سر رہا۔

مومنین سے التماس ہے کہ اس کتابچہ سے استفادہ کے وقت ایک سورہ فاتحہ اور تین بار سورہ توحید علامہ شیخ عبدالعلی الہروی، علامہ سید محمد سبطین، پروفیسر سید وزیر الحسن عابدی اور خلیفہ خاندان کی اموات کو ہدیہ کر دیا کریں۔

اس کے علاوہ خلیفہ سید حسن مہدی اور راقم الحروف بھی آپ کی دعاؤں کے محتاج ہیں۔

گنہگار ڈاکٹر افضال حسین

45-ایل گلبرگ IIالاہور

مورخہ یکم ذی الحج 1418ھ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ اَفَاضَ الْاَرْوَاحَ مِنَ الْقِدَمْ وَاَخْرَجَ الْوُجُوْدَ عَنِ الْعَدَمِ وَالصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الْمُئوَيِّدِ الْمُحْتَرَمَ وَعِتْرَتِهٖ مَصَابِيْحِ النَّظَّلمo

یہ مختصر سا رسالہ آٹھ ابواب پر مشتمل ہے۔ پہلا باب (سریع الاجابہ) بہت جلد قبول ہونے والی دعاؤں کے بارے میں ہے۔

مثلاً وسعت رزق، دفع فقر و پریشانی، دفع اعداء یعنی دشمنان و جادو کے دور ہونے کے بارے میں ادائیگی قرض، شفا امراض اور جملہ بلاؤں سے محفوظ رہنے کے متعلق مجرب اعمال ہیں۔

ناد علیؑ کے خواص اور تاریخی پس منظر

نَادِ عَلیًّا مَظْھَر الْعَجَائِبِ تَجِدْہُ عَونًا لّکَ فِی النَّوائِبِ کُلّ ھَمٍ وَغَمٍ سَیَنْجَلِی بِوُلَایَتِکَ یَا عَلِیَّ یَا عَلِیَّ یَا عَلِیَّ۔

چنانچہ جب لشکر اسلام غزوہ احد میں منتشر اور قریب شکست پہنچ چکا تھا پیغمبرؐ کا دندان مبارک بھی شہید ہوا تھا آنحضرتؐ کو سخت پریشانی لاحق ہوئی۔ یہ مشہور ہو چکا تھا کہ پیغمبرؐ شہید ہو چکے ہیں۔ پس اسی اثنا میں جبرائیل آمین پیغمبرؐ کی خدمت میں یہ کلمات لے کر نازل ہوئے (کل ھم و غم سینجلی بولایتک یا علی یا علی یا علی) حضور رسالتمابؐ بزبان وحی یہی کلمات با آواز بلند فرمانے لگے کہ اچانک حضرت شاہ ولایت امیر المومنین امام المتقین اسد اللہ الغالب علی ابن ابی طالبؑ مولا مشکل کشا عالم حاضر ہوئے۔ لشکر کفار سے جنگ ہوئی بعض کو واصل جہنم کیا اور بقیہ کو شکست فاش اٹھانا پڑی بابرکت ناد علی تمام غنیمتیں لشکر اسلام نے حاصل کیں۔

(کلمہ مظہر العجائب)

کلمہ مظہر العجائب کو دو طرح سے پڑھا گیا ہے۔

م۔ پر فتح۔ یعنی مظہر العجائب، بمعنی ظرف عجائب، مولائے مشکل کشا حضرت امیر المومنین علیہ السلام ہیں۔

اور اگر "م" پر پیش (ضمہ) پڑھا جائے یعنی مظہر العجائب پڑھا جائے تو پیغمبر نے مولائے کائنات حضرت امیر المومنین علیؑ کو عجائب و کرامات کا ظاہر کرنے والا (فاعل) مانا ہے۔ یعنی نادِ علی سے عجائب و کرامات، برکات حاصل کرنا پیغمبرؐ کی سنت ہے کہ جن کے عمل سے ثابت ہوا کہ (نادِ علی) کی برکات سے خوف و ترس دور ہوتا ہے۔

مزید برآں۔ اس اسم علیؑ کی برکات سے انسان دشمن کے شر سے محفوظ ہو جاتا ہے اور دشمنوں کو شکست فاش دے سکتا ہے۔

خصوصیات نادعلی مختلف طریقوں کا عمل وفوائد

1- **دشمنوں پر غلبہ کے لیے** : دشمنوں کو ذلت وخواری وشکست فاش پہنچانے کے لئے چھ روز کا عمل ہے ہر روز ایک صد (100) مرتبہ نادعلیؑ پڑھے۔ خدائے لایزال کی مدد سے دشمن ذلیل وخوار ہوں گے۔

2- جو شخص شراعداء سے مکمل طور پر محفوظ رہنا چاہئے تو روزانہ ہزار دفعہ نادعلیؑ پڑھے انشاءاللہ دشمنوں کے شر سے محفوظ رہیگا۔

3- دشمن خود بخود گھر چھوڑ جائیں اور آپ کو ان سے کلی نجات حاصل ہو جائے۔ تیس (30) روز کا عمل ہے ہر روز تیس (30) مرتبہ پڑھے انشاءاللہ دشمن پریشان حال ہو جائے گا۔

4- اگر دشمن کے درمیان اختلاف چاہتے ہو تو پینسٹھ (65) مرتبہ نادعلیؑ پڑھے۔

5- دشمنوں پہ مکمل غلبہ حاصل کرنے کے لئے پانچ دن کا عمل ہے روزانہ پچاس مرتبہ نادعلیؑ پڑھے تو انشاءاللہ دشمنوں سے کلی نجات ملے گی۔

6- جو شخص دشمنوں میں گھر جائے اور نکلنے کی امید نہ ہو اور نجات کے تمام راستے بند ہو جائیں تو سات دفعہ نادعلیؑ پڑھے انشاءاللہ نجات کامل ملے گا۔

7- نادعلیؑ کے چالیس فوائد درج ہیں۔ روزانہ ستر (70) دفعہ پڑھنے سے دشمن مغلوب ہوں گے۔

8- جب دشمنوں میں گھر جائے اور بظاہر جان بچانے کا کوئی ذریعہ معلوم نہ ہوتا ہو تو ستر (70) مرتبہ نادعلیؑ پڑھے انشاء اللہ دشمن اندھا ہو جائے گا۔ یعنی دشمن کی نگاہوں سے چھپ جائے گا اور نجات وسلامتی حاصل ہوگی۔

9- دشمن کی زبان بندی کے لئے تین روز کا عمل ہے روزانہ یک صد (100) مرتبہ نادعلیؑ پڑھے۔

10- دشمنوں کے قلع وقمع کرنے کے لئے سات روز کا عمل ہے روزانہ ستر (70) مرتبہ نادعلیؑ پڑھے انشاء اللہ بعون خدائے لایزال دشمن مقہور ومغلوب ہوگا۔

11- برائے دفع شر و دشمن بیس (20) روز کا عمل ہے روزانہ ستر (70) مرتبہ نادعلیؑ پڑھے۔

12- دشمنی دور ہوگی۔ لطف وعنایت حاصل ہوگی بیس (20) روز کا عمل ہے روزانہ بیس (20) مرتبہ نادعلیؑ پڑھے۔

13- **جادو کے اثر کو دور کرنے کے لیے** : کسی برتن میں سات کنوؤں کا پانی جمع کریں پھر اس پانی میں تازہ جنگلی شہد ملائیں کہ جس عام آنکھیں نہ دیکھ چکی ہو اب اس پر نادعلیؑ پڑھیں اور مریض کو پلائیں انشاء اللہ جادو کا اثر زائل ہوگا۔

14- جادو کے اثر کو ختم کرنے کے لئے صبح جمعہ اڑتالیس (48) دفعہ پڑھے انشاء اللہ جادو کا اثر زائل ہوگا۔

15- نظر بد کے اثرات کے ذائل کرنے کے لئے اور زبان بندی کے لئے تین دن کا عمل ہے روزانہ تیس (30) مرتبہ نادعلیؑ پڑھے۔ چشم بد کے اثرات سے محفوظ رہے گا اور دشمنوں کے برے ارادوں سے نجات ملے گی۔

16- **زہر کے اثر کو دور کرنے کے لئے** : ناد علیؑ کو چینی کے پیالہ پر مشک وزعفران سے لکھے۔ پھر اسے پانی سے دھولیں۔ مریض کو پلائیں انشاء اللہ زہر کا اثر دور ہو جائے گا۔

17- **حاکم کی نظرمیں مرتبہ کے لیے** : اگر کسی پہ حاکم، بادشاہ بے گناہ غصہ کرتا ہو اور رنجیدہ رہتا ہو تو اس کے دل پہ نرمی و جذبہ رحم دلی پیدا کرنے کے لئے سات مرتبہ ناد علیؑ پڑھے۔ انشاء اللہ ظالم حاکم کا غیظ وغضب، عطف و لطف عنایت سے بدل جائے گا۔

18- بادشاہوں، حاکموں کے درباروں میں کامیابی کے لئے چھ روز کا عمل ہے روزانہ یک صد (100) مرتبہ ناد علیؑ پڑھے۔

19- **دلی حاجات کے لیے** : تین بار ناد علیؑ پڑھے انشاء اللہ حاجت شرعی جس کا ارادہ کیا ہے پوری ہوگی۔

20- اگر کسی کو کوئی مشکل در پیش ہو تو ہر صبح کو چالیس (40) مرتبہ ناد علیؑ پڑھے۔

21- دلی حاجات پوری ہونے کے لئے پانچ روز کا عمل ہے روزانہ چون (54) مرتبہ ناد علیؑ پڑھے۔

22- دین و دنیا کے مقاصد پورے ہوں گے۔ دس دن کا عمل ہے روزانہ پانچ مرتبہ ناد علیؑ پڑھے۔

23- **بے خوابی کے لیے** : پینسٹھ (65) دفعہ ناد علیؑ پڑھنے سے بے خوابی دور ہو گی اور انشاء اللہ پُرسکون نیند آئے گی۔

24- **غربت و فقر و پریشانی کی دوری کے لئے**: روزانہ پانچ صد (500) مرتبہ نادعلیؑ پڑھے انشاء اللہ رہتی زندگی خوشحالی اور بے نیازی سے گزرے گی فقر و فاقہ دور ہوگا پریشانیوں سے نجات کلی حاصل ہوگی۔

25- خوشحالی و خوش بختی کے لئے روزانہ یک صد (100) مرتبہ نادعلیؑ پڑھے۔

26- **بیماری کے لیے**: اگر کوئی شخص کسی مرض میں مبتلا ہو اور دنیا کے طبیب عاجز آجائیں تو ستر (70) مرتبہ پانی پر نادِعلیؑ پڑھیں مریض کو پلائیں انشاء اللہ شفا کاملہ حاصل ہوگی۔

27- جملہ امراض کی شفایابی کے لئے ہر روز ستر (70) مرتبہ نادِعلیؑ پڑھے انشاء اللہ شفا ہوگی۔

28- **برائے کشف اسرار غیب**: چھپے ہوئے خزانوں کے ظاہر ہونے کے لئے چالیس (40) دن کا عمل ہے روزانہ ستر (70) مرتبہ نادعلیؑ پڑھے۔ انشاء اللہ اس کے لئے خزانے و دفینے ظاہر ہوں گے۔

29- پردہ غیب سے راز خداوندی معلوم کرنے کے لیے چالیس (40) روز کا عمل ہے روزانہ ایک سو ستاسٹھ (167) مرتبہ نادعلیؑ پڑھے انشاء اللہ اسرار علم لدنی اور پردہ غیب سے راز ہائے خداوند کشاف غیوب ظاہر ہوں گے۔

30- **حضور رسالتمابؐ کی زیارت کے لیے**: (عالم خواب) نیند کی حالت میں حضور رسالتمابؐ کی زیارت حاصل ہوگی سوا لاکھ انبیاء کی زیارت ہوگی سوتے وقت ہر رات تین ہزار (3000) مرتبہ نادعلیؑ پڑھ کر سوئے انشاء اللہ حضرت ختمی مرتبت، اولوالعزام کی زیارت ہوگی۔

31- بدبختی کے زائل ہونے اور کامیابی و خوشحالی کے لئے روزانہ پانچ سو (500) مرتبہ نادِ علیؑ پڑھے۔

32- تمام مشکلات، مہمات اور جملہ دشواریوں کے حل کے لئے (نادِ علیؑ کا بکثرت ورد کرنا اکسیر ہے۔)

33- پردہ غیب سے حاجات پوری ہوں گیں روزانہ پانچ صد (500) مرتبہ نادِ علیؑ پڑھے۔

34- فقرو پریشانی کے دور ہونے کے لئے اور دولت و ثروت ہاتھ آئے گی روزانہ اٹھارہ (18) مرتبہ نادِ علیؑ پڑھیں۔

36- عزت، وقار، ترقی مراتب روزانہ دس (10) مرتبہ نادِ علیؑ پڑھے۔

37- تنہائی، وحشت کی دوری اور قید و بند سے نجات کے لئے روزانہ یک صد و پینسٹھ (165) مرتبہ نادِ علیؑ پڑھے۔

38- اسی طرح قید و بند سے نجات کے لئے روزانہ سات مرتبہ نادِ علیؑ کا ورد کرے۔

39- روزانہ ستر (70) مرتبہ نادِ علیؑ پڑھنے سے علم و حکمت کے دروازے کھل جاتے ہیں۔

جیسا کہ ذکر ہو چکا ہے کہ اس رسالہ کا پہلا باب قرآن مجید سے ماخوذ چند آیات کے ختم و بہت جلد قبول ہونے والی دعاؤں کے بارے میں ہے۔ یاد رہے یہ دعائیں وسعت رزق، رفع فقرو پریشانی، دفع اعداء و سحر، ادائیگی قرض، شفاء امراض اور جملہ بلیات سے محفوظ رہنے کے متعلق ہیں۔

(نوٹ) عامل کو دیئے گئے شرائط، وقت، طہارت اعداد کی پابندی کرنی

چاہئے۔ علاوہ ازیں عامل کوشش کرے کہ مصنفؒ کی ہدایات کے مطابق ہر عمل کو ایک ہی نشست میں بجالانے کی کوشش کرے تو انشاء اللہ جیسا کہ مصنفؒ نے اپنے ہر عمل کے مجرب ہونے کا دعویٰ کیا ہے۔ یقیناً مجرب ہوگا بشرطیکہ عمل پورے آداب وشرائط کا حامل ہو۔ کل دعائیں اور ختم شریف سینتیس (37) ہیں۔

پہلی آیت ودعا

پہلا ختم

وَمَنْ يَتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا۔

فائدہ: حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام سے منقول ہے کہ آیت مزکور کا عمل برائے وسعت رزق و مال جاہ واقتدار و برائے حصول درجات دنیاوی وترقی مدارج کے لئے مجرب ہے۔

ترکیب عمل: چالیس روز کا عمل ہے۔ بروز سوموار، جمعہ یا جمعرات سے بعد نماز صبح آغاز کرے مگر جمعرات سے شروع کرے تو سب سے بہتر ہے۔ حاجات ومرادیں پوری ہونے کے نیت سے غسل بجالائے پھر دو رکعت نماز بانیت قضاء حاجات پڑھے عامل خدا کے لئے دل کو صاف کرے (نوٹ) عامل صحیح العقیدہ ہو یاد رہے۔ آیت کریمہ کے اعداد (۶۳۷۰) ہیں۔ (۳۹) روز تک ہر روز (۱۵۹) مرتبہ روزانہ پڑھے

چالیسویں دن (۱۷۹) مرتبہ پڑھے یعنی مزید (۲۰) مرتبہ آیت مزکورہ پڑھے۔

خداوند عالم اس عمل کے صدقے عامل کو اس قدر مال دنیا و عزت، وقار و جاہ و حشمت عطا کرے گا کہ جس کا تصور بھی نہ کر سکے گا۔ دوران ختم یا بعد اختتام خدائے متعال سب مشکلات کے دروازے کھول دے گا اور فتح و نصرت اس کے قدم چومے گی۔

عمل کا آغاز بھی صد مرتبہ درود پڑھنے سے کرے چالیسویں دن بھی اختتام پر یک صد (۱۰۰) دفعہ درود شریف پڑھے۔ اولاً پہلے چلہ میں مقصد پورا ہوگا ورنہ دوبارہ چلہ شروع کرے۔ بعض علماء نے تاکید فرمائی ہے کہ عمل تنہائی میں ہو اور دوران عمل کسی سے ہم کلام نہ ہو۔

علامہ مجلسیؒ و فخر العلماء والمجتہدین اخوند ملا محمد باقرؒ نے فرمایا ہے عمل میں جملہ شرائط کی پابندی کی جائے تو انشاءاللہ مجربات سے ہے۔

...... دوسرا ختم ......

اَللّٰهُ لَطِيفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ o

فائدہ: برائے محبت، الفت، وسعت رزق، حصول جاہ و منصب بالخصوص محبت سلاطین اور زبان بندی امراء و وزراء کے لئے مجرب ہے۔

ترکیب: ہزار روز کا عمل ہے ہر روز ہزار مرتبہ پڑھے تو اسے اس جگہ سے رزق ملے گا کہ اسے وہم و گمان تک نہ ہوگا آیت مذکورہ کا دوسرے طریقہ سے عمل۔

پہلے اسم (اللہ) ٦٦ مرتبہ (٦٦) مرتبہ آیت مذکورہ۔ تو خداوند عالم اسے بابرکت روزی عطا فرمائے گا اپنی توقعات سے نوازے گا۔ مزید برآں امور مشکلہ کے حل کی تدابیر

سے آگاہ کرے گا شہوات دنیا کم کرے گا۔ ظالموں سے محفوظ رہے گا اور حاجات پوری ہوں گیں۔

تیسرا ختم

دعا آیت درج ذیل ہے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمِ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ مِنْ جَمِیْعِ جُرْمِیْ وَظُلْمِیْ وَاِسْرَافِیْ عَلٰی نَفْسِیْ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ۝

فائدہ: کثرت مال وعلم۔

ترکیب عمل: متواتر دو ماہ کا عمل ہے روزانہ یک صد (۱۰۰) مرتبہ پڑھے۔

چوتھا ختم

وھاب

جو شخص آخر شب سر و دست برہنہ (یعنی سر اور ہاتھ ننگے ہوں ض اور یک صد (۱۰۰) مرتبہ یا وھاب کہے تو اس کا فقر و افلاس دور ہوگا حاجات پوری ہوں گیں۔

(نوٹ) سوموار کی رات کو دو رکعت نماز پڑھے آخری سجدہ میں ستر (۷۰) مرتبہ یا وھاب پڑھے تو خداوند عالم اسے مالدار بنا دے گا۔

پانچواں ختم

يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا رَبِّ يَا رَبِّ يَا حَيُّ يَا قَيُّومُ يَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الْعَظِيْمِ الْاَعْظَمِ اَنْ تَرْزُقَنِىْ رِزْقًا وَاسِعًا حَلَالًا طَيِّبًا بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰاحِمِيْنَ ٥

فائدہ: حضرت رسالتمابؐ سے منقول ہے کہ جو شخص روزی کی فراخی چاہتا ہو اور بغیر محنت ومشقت رزق کا طلب گار ہو تو مندرجہ بالا دعا کو صبح وشام تین مرتبہ پڑھے تو انشاء اللہ سات پشتوں تک اس کی اولاد بھی کسی کی محتاج نہ ہوگی۔

چھٹا ختم

ترکیب عمل: آیات بابرکات کو ایک ہی نشست میں (۴۱) اکتالیس دفعہ پڑھے۔

فائدہ: ناگہانی آفات سے بچا رہے گا۔ پریشانی دور ہوگی خداوند عالم اس عمل کی برکت سے روز بروز فتح ونصرت عزت وقار بے انداز عطا فرمائے گا۔ آیات درج ذیل ہیں۔

۱۔ وَمَنْ يَّعْتَصِمْ بِاللّٰهِ هُدِىَ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ.

۲۔ وَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ غَافِلًا عَمَّا يَعْمَلُ الظّٰلِمُوْنَ.

۳۔ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا اِنَّ اللّٰهَ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ۔

۴۔ وَقَضٰى اَنْ لَا تَعْبُدُوْا اِلَّا اِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا۔

۵۔ تَنْزِيْلًا مِمَّنْ خَلَقَ الْاَرْضَ وَالسَّمٰوٰتِ الْعُلٰى ○ اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى۔

۶۔ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ۔

۷۔ ثُمَّ اسْتَوٰى اِلَى السَّمٰوٰتِ وَهِيَ دُخَانٌ فَقَالَ لَهَا وَلِلْاَرْضِ ائْتِيَا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا قَالَتَا اَتَيْنَا طَائِعِيْنَ۔

۸۔ اَلَا اِلَى اللّٰهِ تَصِيْرُ الْاُمُوْرُ وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا ○

ساتواں ختم آیات قرآنی

(فضائل)

آیات الٰہی کے ورد سے دلوں میں نورانیت اور ارواح میں ایمان کی روشنی بڑھتی ہے۔ یہ آیات قدرت کے آٹھ خزانوں میں سے ہیں یہ خدائے بزرگ و برتر کے راز ہیں۔ یہ آیات اسم اعظم ہیں۔

فوائد: انسان جن وانس وشیطان کے مکر وشر سے محفوظ ہو جاتا ہے۔ مادی وروحانی رزق کے دروازے کھل جاتے ہیں۔ جن وانس اسے کوئی اذیت نہ پہنچا سکیں گے۔ صبح وشام پڑھنے سے بادشاہوں، حکام کے درباروں میں عزت، نصرت، و فتح یابی ہو گی۔ تمام جن و

انس تابع رہیں گے۔ شر انس و جن و حسد حاسدین سے محفوظ رہے گا۔ یقیناً اسے دنیا میں بخشش و مغفرت عطا ہوگی۔

ترکیب: شروع میں پندرہ (۱۵) مرتبہ اللہ اکبر کہے پھر درج ذیل دعا پڑھے۔

یَا خَیْرُ الرَّازِقِیْنَ یَا عَلِیْمُ یَا حَلِیْمُ یَا غَفُوْرُ یَا سَمِیْعُ یَا بَصِیْرُ یَا عَلِیّ یَا کَبِیْرُ یَا لَطِیْفُ یَا خَبِیْرُ یَا غَنِیُّ یَا حَمِیْدُ یَا رؤفُ یَا رَحِیْمُ اِفْتَحْ لِیْ بَابَ رَحْمَتِکَ مِنْ اَمْرِیْ فَرَجًا اَوْ مُخْرَجًا بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّحِمِیْنُ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرُ خَلْقِهٖ مُحَمَّد وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِیْن o

پھر اس کے بعد آیات درج ذیل پڑھنا شروع کردے۔

۱۔ وَالَّذِیْنَ هَاجَرُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ثُمَّ قُتِلُوا اَوْمَا تُوْا لَیَرْزُقَنَّهُمُ اللّٰهُ رِزْقًا حَسَنًا وَاِنَّ اللّٰهُ لَهُوَ خَیْرُ الرَّازِقِیْنَo

۲۔ لَیُدْ خِلَنَّهُمْ مُّدْخَلًا یَّرْضَوْنَه وَّاِنَّ اللّٰهُ لَعَلِیْمٌ حَلِیْم۔

۳۔ ذَالِکَ وَمَنْ عَاقَبَ بِمِثْلِ مَاعُوْقِبَ بِهٖ ثُمَّ بُغِیَ عَلَیْهِ لَیَنْصُرَنَّهُ اللّٰهُ اِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ۔

۴۔ ذَالِکَ بِاَنَّ اللّٰه یُولِجُ الَّیْلَ فِی النَّهَارِ وَیُوْلِجُ النَّهَارُ فِی الَّیْلِ وَاِنَّ اللّٰهُ سَمِیْعٌ بَصِیْر۔

۵۔ ذَالِکَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَالْحَقُّ وَاَنْ مَّا یَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ

هُوَالْبَاطِلُ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَالْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ۔

٦۔ اَلَمْ تَرَى اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَآءً فَتُصْبِحُ الْاَرْضُ مُخْضَرَةً اِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ۔

٧۔ لَهُ مَا فِي السَّمٰوَاتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَاَنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ حَمِيْدٌ۔

٨۔ اَلَمْ تَرَى اَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَا فِي الْاَرْضِ وَالْفُلْكَ تَجْرِىْ فِي الْبَحْرِ بِاَمْرِهٖ وَيُمْسِكُ السَّمَاءَ اَنْ تَقَعَ عَلَى الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِهٖ اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَؤُوْفٌ رَّحِيْمٌ۔

...... آٹھواں ختم ......

يَا اِلٰهَ الْاٰلِهَةِ الرَّفِيْعُ فِيْ جَلَالِهٖ۔

ترکیب: بیس (۲۰) دن متواتر روزانہ پچاس مرتبہ پڑھے۔

فائدہ: برائے محبت محبوب، خلق خدا مسخر ہو جائے گی، ہر دلعزیز ہوگا علم و مال کے خزانوں سے مالا مال ہوگا۔ بشرطیکہ عمل کو ہمیشہ کرتا رہے۔

...... نواں عمل و ختم ......

يَا مُعِيْدُ مَا اَفْنٰى اِذْ بَرَزَ الْخَلَائِقُ لِلدَّعْوَتِهٖ مِنْ مَخَافَتِهٖ۔

ترکیب: روزانہ تین صد (۳۰۰) مرتبہ پڑھنا ہے۔

فائدہ: حق تعالیٰ رزق، عزت، وقار، منصب اعلیٰ عطا فرمائے گا۔

نوٹ: اگر نماز فریضہ کے بعد بجا لایا جائے تو خدائے متعال دنیا و آخرت کی بہتری عطا فرمائے گا۔

دسواں عمل و ختم

یَا مَحْمُوْدَ الْفِعَالِ فَالْمَنُّ عَلٰی جَمِیْعِ خَلْقِہٖ۔

ترکیب: شب و روز صبح و شام پڑھنے سے خدائے عالم اسے غنی بنادے گا اور ہر دلعزیز ہوگا۔

گیارھواں ختم

یَا نُوْرَ کُلِّ شَیْءٍ اَنْتَ الَّذِیْ فَلَقَ الظُّلُمَاتِ نُوْرُہٗ۔

ترکیب و فوائد: تین صد مرتبہ با خشوع با توجہ قلب۔

۱۔ ایک نشست میں پڑھنے سے حاجت پوری ہوگی۔

۲۔ فقر و فاقہ تنگ دستی دور ہوگی۔

۳۔ درج ذیل ترکیب خاص سے رزق میں زیادتی کا باعث ہو۔ کالے سر والے بکرے کا دل حاصل کرے مذکورہ کلمہ سات مرتبہ اس پر پڑھے پھر کاغذ پہ وہی کلمہ لکھے اور دل میں رکھے اور مسجد کے دروازے کی چوکھٹ میں دفن کرے یقیناً رزق میں اضافہ ہوگا۔

۴۔ اگر غیر شادی شدہ کے لباس پہ یہ کلمہ لکھا جائے تو فی الفور منگنی ہو جائے گی۔

۵۔ سیب پر لکھ کر مریض کو کھلائے انشاء اللہ شفاء عاجلہ ہوگی۔

﴿ بارھواں ختم ﴾

وَاِذَا سَئَلَکَ عِبَادِیْ عَنِّیْ فَاِنِّیْ قَرِیْبٌ اُجِیْبُ دَعْوَۃَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ فَلْیَسْتَجِیْبُوْلِیْ وَالْیُوْمِنُوْا بِیْ لَعَلَّھُمْ یَرْشُدُوْنَ۔

ترکیب: نماز سے پہلے سات مرتبہ یا ستر (۷۰) مرتبہ یا سات سو دفعہ آیت کریمہ کا ورد کرے۔

فائدہ: برائے وسعت رزق، قبولت دعا اور برآمدن حاجات کے لئے اکسیر ہے۔

﴿ تیرھواں ختم ﴾

(یَا بَاسِطُ)

ترکیب عمل: رات کو باوضو ہو کر تنہائی میں چار ہزار چار صد (۴۴۰۰) مرتبہ پڑھے۔

فائدہ: خداوند عالم از دست غیب، دولت و ثروت عطا فرمائے گا رزق میں وسعت کا باعث ہوگا۔

ترکیب دوئم: سحری کے وقت دونوں ہاتھ طرف آسمان بلند کئے ہوئے ہوں بشرطیکہ ہتھیلیاں چہرہ کی طرف ہوں اور اسم مزکور (یا باسط) چار ہزار چار صد (۴۴۰۰) مرتبہ پڑھے۔ فراخی و دفع مصائب و پریشانی کے لئے مجرب ہے۔

نوٹ: دُرّالنظم میں مرقوم ہے کہ یہ عمل متواتر چار دن کرے تو عامل یقیناً مطلوب کو پالے گا۔

ترکیب سوئم: جو شخص (یاباسط) ستر (۷۰) مرتبہ پڑھے تو تمام پریشانیاں و مصائب دور ہوں گے۔ منقول ہے کہ یہ طریق آخر مجرب ہے اور اس کا برعکس ہرگز نہ ہوا ہے۔

چودھواں عمل و ختم

يَا اَيُّهَا الْاِنْسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِيْمِ۔

ترکیب: مندرجہ بالا آیت کو جانور کے پاک چمڑے پہ لکھ کر اپنے پاس رکھے فراخی روزی و دیگر کاروبار کے لئے نفع کا باعث ہے۔

پندرھواں ختم و عمل

مَاشَاءَ اللّٰهُ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ۔

ترکیب: ایک نشست میں ہزار مرتبہ پڑھے۔

فائدہ: کسی ایک مقصد کے لئے نتیجہ خیز ہے۔

نوٹ: اس کلمہ کے (۴۶) اعداد ہیں جو شخص اس کلمہ کا (چلہ) ختم کرنا چاہئے تو چالیس روز روزانہ چالیس مرتبہ پڑھے حصول مطلب کے لئے اکسیر ہے۔

سولھواں عمل و ختم

اَلْكَرِيْمُ الْوَهَّابُ ذُوالطَّوْلِ۔

ترکیب: روزانہ پچاس (۵۰) مرتبہ یا (۱۳۰) مرتبہ یا اس سے زیادہ پڑھے۔

فائدہ: رزق میں وسعت ہوگی کافی لوگوں نے عمل کیا ہے اور عجیب و غریب برکات

حاصل کی ہیں۔

نوٹ: کلمہ مزکور کو اعداد (۱۰۲۸) ہیں اگر کوئی شخص اپنے عمل کو کامل و اکمل بنانا چاہے تو (۱۰۲۸) مرتبہ ایک نشست میں پڑھے۔

ستر ھواں عمل

(نماز مضطر پریشان حال کے لئے نماز)

ترکیب نماز: چار رکعت نماز ہے نیت برائے دور ہونے پریشانی کے پہلی رکعت بعد سورہ فاتحہ (۲۵) مرتبہ وَاُفوِضُ اَمرِیٓ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیرٌ بِالعِبَادِ۔ دوسری رکعت میں بعداز حمد پچیس (۲۵) مرتبہ لَا اِلٰہَ اِلَّآ اَنتَ سُبحَانَکَ اِنِّی کُنتُ مِنَ الظَّالِمِینَ فَاستَجَبنَا لَہٗ وَنَجَّینَاہُ مِنَ الغَمِّ وَکَذٰلِکَ نُنجِی المُؤمِنِینَ۔ تیسری رکعت میں بعداز حمد پچیس (۲۵) مرتبہ حَسبِیَ اللّٰہُ نِعمَ الوَکِیلُ نِعمَ المَولٰی وَنِعمَ النَّصِیرُ۔ چوتھی رکعت میں بعداز حمد پچیس (۲۵) مرتبہ لَا حَولَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ العَلِیِّ العَظِیمِ

نوٹ: بعد سلام پچیس (۲۵) مرتبہ صلوٰۃ پھر مطلب و حاجت طلب کرے انشاء اللہ مقصود کر پالے گا۔

اٹھارھواں عمل و نماز

نیت نماز برائے قضائے حاجات

ترکیب نماز: پہلی رکعت بعداز حمد درج ذیل آیت دس مرتبہ پڑھے قُلِ اللّٰھُمَّ مٰلِکَ المُلکِ تُؤتِی المُلکَ مَن تَشَآءُ وَتَنزِعُ المُلکَ مَن

تَشَاءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَاءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَاءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ○ تُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ○

دوسری رکعت بھی پہلی کی طرح بجا لائے بعد از سلام دس مرتبہ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ پھر سجدہ میں جائے اور یہ پڑھے۔

رَبِّ اغْفِرْ لِي وَارْحَمْنِي وَهَبْ لِي مُلْكًا لَّا يَنْبَغِي لِاَحَدٍ مِّنْ بَعْدِي اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ۔

فائدہ: برائے قضائے حوائج و وسعت رزق کے لئے مفید ہے۔

انیسواں عمل

حَسْبِيَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ۔

ترکیب: عدد کبیر ۶۴۔ عدد صغیر ۸۔ جس مقدار میں چاہیے پڑھے۔

فوائد: سات مقاصد پورے ہوں گے۔ عزت و وقار حاصل ہوگا، ترقی منصب، وسعت رزق، محبت محبوب، قدرت، اقتدار، امان وحفظ جان کے لئے مجرب ہے۔

بیسواں ختم و عمل

(ختم آیت الکرسی)

ترکیب اول: بزرگ علماء نے نقل کیا ہے کہ جو شخص آیت الکرسی تا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ

مطابق عدد (۲۹۰) مرتبہ پڑھے تو کافی برکات حاصل ہوں گی۔

ترکیب دوئم: جو شخص اپنے نام کے عدد کے مطابق پڑھے تو فقر و فاقہ دور ہوگا۔ رزق کے دروازے کھل جائیں گے خوش بختی شامل حال ہو جائے گی۔

نوٹ: محبت شرعی، یعنی حلال محبت کے لئے اسم طالب و مطلوب کے مطابق پڑھے تو انشاء اللہ مطلوب حاصل ہوگا اور عجائب دیکھے گا۔

ترکیب سوئم: مذہب شیعہ خیر البریہ کے علماء نے آیت الکرسی کے دس اوقاف لکھے ہیں۔

عمل آیت الکرسی۔ اوقاف۔ فوائد

اوقاف درج ذیل ہیں

۱۔ اَللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ۔ ۲۔ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ۔ ۳۔ لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَومٌ۔ ۴۔ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ۔ ۵۔ مَنْ ذَالَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗ اِلَّا بِاِذْنِہٖ۔ ۶۔ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَمَا خَلْفَھُمْ۔ ۷۔ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِنْ عِلْمِہٖ اِلَّا بِمَاشَآءَ۔ ۸۔ وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ۔ ۹۔ وَلَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا۔ ۱۰۔ وَھُوَالْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ۔

ترکیب: دونوں ہاتھوں کی دس انگلیاں ہیں ان کے حساب سے ابتداء دائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی سے کرے اور بالترتیب بائیں ہاتھ کے انگوٹھے پہ ختم کریں۔ ہر وقف پر انگلی بند

کریں جب تمام انگلیاں بند ہو جائیں اور آیت الکرسی بھی تمام ہو جائے۔ تو تین بار سورہ الم نشرح تین بار سورہ قل ھو اللہ تین بار صلوۃ دس مرتبہ سورہ حمد پڑھے۔

نوٹ: سورہ فاتحہ کے خاتمہ پر بند انگلیوں کو الٹ ترتیب سے کھولے۔ یعنی بائیں ہاتھ کے انگوٹھا سے شروع کرے دائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی آخر میں کھولے۔

یادرہے ہر انگلی کھولتے وقت آسمان کی طرف نگاہ کرتا رہے اور پھونک مارے۔ مزید برآں ہر انگلی کو کھولتے وقت اپنی حاجات بھی طلب کرتا رہے۔ یہی عمل چالیس (40) دن متواتر بجالائے تو دلی تمنائیں اور حاجات کے پورے ہونے کے لئے مجرب ثابت ہوا ہے۔

عمل سوم آیت الکرسی و ختم شریف

بشمول ادعیہ آقائی الشیخ بہاء الدینؒ

عمل بوقت صبح بجالایا جائے دفع دشمنان کے لئے مجرب ہے۔ یعنی آیت الکرسی درج ذیل طریقہ سے پڑھی جائے۔

۱۔ اَعُوذُ بِا اللّٰہِ الْوَاحِدِ الْقَھَّارِ الْمَاجِدِ مِنْ کُلِّ عَدُوٍّ وَّحَاسِدٍ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَالْحَیُّ الْقَیُّوم

بعد ازاں سورہ قل ھو اللہ پڑھے۔ پھر درج ذیل پڑھے۔

۲۔ لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ مَنْ ذَاالَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗ اِلَّا بِاِذْنِہٖ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَمَا

خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيطُونَ بِشَيْءٍ مِنْ عِلْمِهِ۔ اس کے بعد سورہ قل اعوذ برب الناس پڑھے۔ پھر وَلَا يَئُودُهُ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ. اس کے بعد سورہ قل یا ایھا الکافرون پھر بعد ازاں لَا إِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ قَدْتَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ فَمَنْ يَكْفُر بِالطَّاغُوتِ وَيُؤْمِنِ بِاللّٰهِ۔ اس کے بعد سورہ کوثر پڑھے۔ پھر لَا انْفِصَامَ لَهَا وَاللّٰهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ۔ اس طرح ختم شریف آیت الکرسی تمام کرے۔

...... عمل چہارم ختم آیت الکرسی

فائدے: ہر مہم و مشکل دور کرنے کے لئے حاجات بہت جلد پوری ہوں گیں۔

ترکیب: جنگل بیابان میں چلا جائے جہاں آبادی کا نام و نشان نہ ہو باوضو رو بہ قبلہ بیٹھ جائے۔ اپنے گرد خط کھینچے اور مناسب درجہ با توجہ قلب و خشوع و خضوع ستر (۷۰) مرتبہ آیت الکرسی کو (کرسی) کے عدد (۳۹۰) مرتبہ پڑھے۔ تو یہ عمل تمام سابقہ طریقوں سے اکمل و اتم و نتیجہ خیز ثابت ہوگا۔

...... اکیسواں عمل و ختم شریف

سورہ الماعون

ترکیب: جو شخص اکتالیس (۴۱) مرتبہ سورہ الماعون پڑھے تو وہ اور اس کی اولاد زندگی بھر کبھی کسی کی محتاج نہ ہوگی۔

نوٹ: سورہ پڑھنے سے پہلے دس مرتبہ درود شریف پڑھے۔

......﴿ بائیسواں عمل وختم شریف ﴾......

سورہ الذاریات سورہ طلاق، سورہ مزمل اور سورہ الم نشرح

ترکیب: روزانہ بالا سورہ ہائے قرآنی کو پڑھے۔ وسعت رزق، اپنے اوراعیال کی ہمیشہ کی خوشحال زندگی کے لئے انتہائی مجرب ہے۔

......﴿ تیئسوں عمل وختم شریف ﴾......

سورہ قدر

فائدہ: برائے دفع فقر و فاقہ، زوال احتیاج، وسعت رزق وادائے قرض کے لئے مجرب ہے۔

ترکیب: جو شخص کسی ایک مقصد کے لئے (۳۶۰) مرتبہ سورہ قدر پڑھے۔ انشاء اللہ وہ مقصد و حاجت پوری ہوگی حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا جو شخص سورہ قدر کو ہمیشگی سے پڑھتا رہے تو اس کی بدحالی و بدبختی خوش حالی و خوش بختی میں بدل جائے گی۔

......﴿ چوبیسواں عمل وختم شریف ﴾......

سورہ العادیات

فائدہ: سورہ العادیات کے پڑھنے سے اسے وہاں سے روزی ملے گی کہ اسے وہم و گمان تک نہ ہوگا علاوہ ازیں اس سورہ کو ہمیشہ پڑھنے سے انسان شر اعداء سے محفوظ رہے گا اور قرض بہت جلد ادا ہوگا۔

پچیسواں عمل وختم شریف

سورۃ ھمزہ

اس سورہ کونماز نافلہ میں زیادہ پڑھنے سے روزی میں فراخی ہوگی۔

چھبیسواں عمل وختم شریف

سورہ ق

فائدہ: جس گھر میں سورہ ق کی تلاوت ہوتی رہے تو خداوند عالم اس گھر کو صاحب خانہ سمیت پر برکات و پر انوار بنادے گا عزت، سعادت و کرامت اور دنیاوی حشمت عطا فرمائے گا یادر ہے یہ مجرب عمل ہے جس کے برعکس کبھی نہ ہوا ہے۔

ستائیسواں عمل

ترکیب: درج ذیل چھ آیات کوان کے جوابی آیات سمیت پڑھے۔

فوائد: قیدی کی رہائی ہوگی۔ بدحالی خوشحالی سے بدل جائے گی۔ مشکلات دنیاوی و آخروی کے لئے نافع ہے۔آیات اوران کے جوابی آیات درج ذیل ہیں۔

س۔۱ اَلَّذِیْنَ اِذَا اَصَابَتْھُمْ مُصِیْبَتَۃٌ قَالُوْا اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن۔

ج اُولٰٓئِکَ عَلَیْھِمْ صَلٰوۃٌ مِنْ رَبِّھِمْ وَرَحْمَتُہٗ وَاُولٰٓئِکَ ھُمُ الْمُھْتَدُوْن۔

س۔۲ اَلَّذِیْنَ قَالَ لَھُمْ اِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوْا لَکُمْ. فَاخْشَوْھُمْ فَزَادَھُمْ

اللّٰہُ اِیمَانًا فَقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْل۔

ج۔ فَانقَلِبوَا بِنعْمِتہٖ مِنَ اللہِ وَفضَلٍ لَّم یَمَسَھُم سُوءٌ وَاتَّبعَوُا رِضوَانَ اللہِ وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم۔

س۔۳ وَذَاالنُّونِ اِذْھَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ اَنْ لَنْ نَقْدِرَ عَلَیْہِ فَنَادٰی فِی الظُّلُمٰاتِ اَنْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظَّالِمِیْن۔

ج۔ فَاَسْتَجَبْنَا لَہُ مِنَ الْغَمِّ وَکَذَالِکَ نُنْجِی الْمُومِنِیْن۔

س۔۴ وَاَیُّوبَ اِذْ نَادَیٰ رَبَّہٗ اِنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّوْ اَنْتَ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْن۔

ج۔ فَاسْتَجَبْنَا لَہُ وَکَشَفْنَا مَا بِہٖ مِنْ ضُرٍّ وَّاٰتَیْنَاہُ اَھْلَہُ وَمِثْلَھُمْ مَعَھُمْ وَرَحْمَۃً مِنْ عِنْدِنَا وَذِکْرٰی لِلَعَبدِ یْن۔

س۔۵ وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ بِاالْعِبَاد۔

ج۔ فَوَقَہُ اللّٰہُ سَیِّئَاتِ مَامَکَرُوْا وَ حَاقَ بِاٰلِ فِرْعَونَ سُوءَ الْعَذَابُ۔

س۔۶ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوا اِذَا فَعَلُوْا وَظَلَمُوْا اَنْفُسَھُمْ ذَکَرُو اللّٰہَ فَاسْتَغْفِرُوْا لِذُنُوْبِھِمْ وَمَنْ یَّغْفِرُالذُّنُوْبَ اِلّا اللّٰہَ وَلَمْ یَصِرُّوْا عَلٰی مَا فَعَلُوْا وَھُمْ یَعْلَمُوْن۔

ج۔ اُولٰٓئِکَ جَزَائُھُمْ مَغْفِرَۃٌ مِنْ رَبِّھِمْ وَجَنَّاتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِھَا الْاَنْھَارُ خَالِدِیْنَ فِیْھَا نِعْمَ العَامِلِیْن۔

اٹھائیسواں عمل

قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَاءُ وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْم۔

ترکیب: روزانہ تین صد (۳۰۰) مرتبہ پڑھے۔

فائدہ: برائے فراخی رزق، اور تمام مشکلات کے حل کے لئے مجرب ہے۔

انتیسواں عمل

رَبَّنَا اَنْزِلْ عَلَیْنَا مَائِدَۃً مِنَ السَّمَاءِ تَکُوْنُ لَنَا عِیْدًا لِاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰیَۃً مِّنْکَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَیْرُالرَّازِقِیْن۔

ترکیب: سب سے پہلے دو رکعت نماز حاجت پڑھے پھر یک صد (۱۰۰) مرتبہ درود پڑھے حاجات کا دل میں قصدر کھے آیت کو روزانہ پچاس مرتبہ پڑھے عمل چالیس دن کا ہو گا۔ درمیان عمل کسی سے ہم کلام نہ ہو۔ رو بہ قبلہ باوضو ہو کر عمل شروع کرے۔

نوٹ: عمل شروع اس وقت کرے جب کہ چاند پرنور ہو جائے۔ دس تاریخ چاند کے بعد عمل اقوی واکمل رہے گا۔

تیسواں عمل

یَا اَللّٰہُ الْمَحْمُوْدُ فِیْ کُلِّ فِعَالِہ۔

ترکیب: روزانہ پندرہ دفعہ پڑھے۔

فائدہ: ہر دلعزیز ہو گا۔ عزت، وقار، حصول عہدہ کے لئے نسخہ کیمیا ہے۔

نوٹ: جب کسی شخص کی حاجت پوری نہ ہو رہی ہو تو بالا کلمہ مبارک کا عمل اس طرح بجالائے۔

ترکیب: بروز جمعہ عمل غسل جمعہ وغسل حاجت سے شروع کرے اب جامع مسجد جائے پاک و پاکیزہ لباس سے دو رکعت نماز حاجت بجالائے۔ بعد ازاں (۲۰) مرتبہ یَا اَللّٰهُ اَلْمَحْمُودُ فِی کُلِّ فِعَالِهٖ پڑھے پھر نماز جمعہ ادا کرے دوبارہ پھر (۲۰) مرتبہ یہی کلمہ پڑھے یقیناً اس کی حاجت پوری ہوگی۔

اکتیسواں عمل

(یَا عَزِیْزُ)

(الف)۔ جو شخص روزانہ چالیس مرتبہ (یَا عَزِیْزُ) کا ورد کرے ہرگز محتاج وفقیر نہ ہوگا۔

(ب) نماز فجر کے بعد (۹۰) مرتبہ (یَا عَزِیْزُ) کا ورد کرے تو مخفی راز اور عجائب کا انکشاف ہوگا۔

(ج)۔ جو شخص روزانہ چالیس (۴۰) مرتبہ (یَا عَزِیْزُ) اور عمل چالیس دن مکمل کرے تو کبھی محتاج نہ ہوگا۔

(د)۔ جو شخص جب کہ دو تہائی رات رہتی ہو وضو کرے سر و پا برہنہ اور قمیص کی آستین چڑھا کر رو بہ قبلہ کھڑے ہو کر یک صد (۱۰۰) مرتبہ (اَلْعَزِیْزُ) یا۔ (یَا عَزِیْزُ) پڑھے تو لوگوں کے درمیان مناسب مکرم ومعزز ہوگا۔

بتیسواں عمل

یَا عَلِیُّ یَا حَمِیْدُ یَا مُبْدِءُ یَا مُعِیْدُ یَا غَفُوْرُ یَا رَحِیْمُ صَلِّی

عَلٰی مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّد اَغْنِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَبِطَاعَتِکَ عَنْ مَعْصِیَتِکَ وَبِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

جو شخص تین جمعہ متواتر ستر (۷۰) مرتبہ یہ دعا پڑھے تو تین جمعہ گزرنے سے پہلے حق تعالیٰ اسے غنی کر دے گا۔

تینتیسواں عمل وختم

سورہ حمد

ترکیب: اکتالیس (۴۱) دن کا عمل ہے روزانہ (۴۱) مرتبہ سورہ حمد پڑھنی ہے۔

نوٹ: عمل لگاتار کرنا ہوگا۔ اس کے بعد تیرہ (۱۳) مرتبہ ذیل کی دعا پڑھے۔

یَا مُفَتِّحُ فَتِّحْ یَا مُفَرِّجُ فَرِّجْ یَا مُسَبِّبُ سَبِّبْ یَا مُیَسِّرِ یَسِّرِ یَا مُسَهِّلُ سَهِّلْ یَا مُتَمِّمُ تَمِّمْ وَحَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلِ۔

شرائط و آداب عمل۔ دوران عمل کسی سے کلام نہ کرے حضور قلب وتقویٰ الٰہی شامل حال رہے۔ محرمات سے پرہیز رہے تو یقیناً عامل کو اسباب دنیوی حاصل ہوں گے علاوہ بر آں جملہ مشکلات کے حل کے لئے عمل اکسیر ہے اور خدا لایزال کی توفیقات کے حاصل ہونے کے لئے مجرب عمل ہے۔

سورہ فاتحہ کا دوسرا عمل

ترکیب: شب جمعہ کو ایک ہزار چودہ (۱۰۱۴) مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھے مگر رات بھر جاگتا رہے کافی دفعہ تجربہ ہوا ہے، حصول مطالب دنیا کے لئے مجرب عمل ہے۔

قسم دوئم ختم سورہ فاتحہ

ترکیب: سورہ فاتحہ ہفتہ کے دن کو ستر (۷۰) مرتبہ اتوار کو ساٹھ (۶۰) دفعہ سوموار کو پچاس (۵۰) مرتبہ منگل کو چالیس (۴۰) مرتبہ بدھ کو تیس (۳۰) مرتبہ جمعرات کو بیس (۲۰) مرتبہ جمعہ کو دس (۱۰) مرتبہ پڑھے انشاء اللہ حاجات پوری ہوں گیں۔

قسم سوئم ختم سورہ فاتحہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡم اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعَالَمِيۡنَ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡم مَالِكِ يَوۡمِ الدِّيۡنَ اِيَّاكَ نَعۡبُدُوۡا وَاِيَّاكَ نَسۡتَعِيۡنُ۔

اس کے بعد سورہ قل ھو اللہ تین مرتبہ پھر یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ كَمَا جَمَعۡتَ بَيۡنَ صِفَاتِكَ وَاَسۡمَائِكَ وَاَفۡعَالِكَ فَاجۡمَعۡ بَيۡنِى وَبَيۡنِ حَاجَتِى بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجۡمَعِيۡنَ۔

اب بقیہ ماندہ سورہ پڑھے انشاء اللہ بفضل خدائے متعال حاجات پوری ہوں گیں۔

قسم چہارم ختم سورہ فاتحہ

شیخ رجب بن محمد البرسی علیہ رحمہ نے کتاب کشف الابرار میں سورہ فاتحہ کے خواص اس طرح بیان فرمائے ہیں۔

ترکیب: جو شخص سات دن متواتر روزہ رکھے اس دوران گوشت حیوان سے پرہیز رکھے اب سورہ فاتحہ کو ایک صد پندرہ (۱۱۵) مرتبہ پڑھے بعد ازاں (۱۱۵) مرتبہ دور پڑھے۔

فائدہ: دلی حاجات پالے گا۔

قسم پنجم ختم سورہ فاتحہ

ترکیب: عمل ہفتہ یا بدھ کو شروع کرے عمل چالیس (۴۰) دن تک متواتر رہے۔ نماز صبح کے بعد (۲۱) مرتبہ سورہ فاتح نماز ظہر کے بعد (۲۲) مرتبہ عصر کے بعد (۲۳) مرتبہ نماز مغرب کے بعد (۲۴) مرتبہ نماز عشاء کے بعد دس دفعہ سورہ فاتحہ پڑھے روز و شب جس کا مجموعہ (۱۰۰) دفعہ ہوگا۔

قسم ششم ختم سورہ فاتحہ

جناب مقدس اربیلیؒ سے منقول ہے کہ جو شخص دس روز متواتر روزانہ دس مرتبہ سورہ مبارکہ فاتحہ پڑھے تو ہر مطلب کے حاصل کرنے کے لئے اکسیر ہے۔

نوٹ: سورہ فاتحہ کے بعد درج ذیل دو آیات کا اضافہ بھی کرے۔

۱۔ ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَیْكُمْ مِنْ بَعْدِ الْغَمِّ مِنْهُ نُعَاسًا وَاللّٰهُ عَلِیْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ۔

۲۔ مُحَمَّدُ رَّسُوْلُ اللّٰہِ وَالَّذِیْنَ مَعَہٗ اَشِدَّاءُ عَلَی الْکُفَّارِ۔ (تا) مغفرہ۔

اس کے بعد یہ دعا پڑھے۔ رَبِّ سَھِّلْ وَیَسِّرْ وَلَا تُعَسِّرْ عَلَیْنَا یا رَبِّ۔

چونتیسواں عمل وختم

سورہ فاتحہ بمعہ سورہ الم نشرح و سورہ اخلاص وغیرہ

ضروری نوٹ: علماء اکابر و مجتہدین عظام کے نزدیک یہ عمل بمنزلہ کبریت احمر ہے یقیناً موثر ہے اور مجرب ہے۔

فائدہ: حاجات پوری ہوں گی۔ مطالب شرعی حل ہوں گے، رزق کی فراوانی ہوگی، دینی و دنیاوی امور حاصل ہوں گے مجرب ہے۔ کافی لوگوں نے تجربہ کیا ہے اور موثر پایا ہے۔

ھدایات و آداب عمل: اول غسل کرے پھر دائیں ہاتھ میں عقیق یمنی و فیروزہ کا نگینہ پہنے اب دو رکعت نماز باقصد حاجت پڑھے اس کے بعد سات مرتبہ فاتحہ پھر ایک مرتبہ صلوۃ پڑھے۔ اس کے بعد ستر (۷۰) مرتبہ سورہ مبارکہ الم نشرح پڑھے بعد ازاں سورہ قل ھو اللہ ایک ہزار ایک (۱۰۰۱) دفعہ پڑھے پھر یک صد (۱۰۰) دفعہ صلوۃ پڑھے آخر میں سات دفعہ سورہ فاتحہ پڑھے اب عامل سربسجود ہو جائے اور قاضی الحاجات سے حاجات شرعی طلب کرے انشاء اللہ جمیع حاجات اور مشکلات حل ہوں گی۔

نوٹ: علماء باعمل نے بتایا ہے کہ یہ عمل بروز جمعرات یا پھر روز جمعہ بجالائے۔

پینتیسواں عمل ختم

سورہ کوثر

فائدہ: تونگری، دفع احتیاج وفقر۔

ترکیب: پہلے بروز بدھ دو رکعت نماز بہ قصد حاجت۔ یعنی نیت کرے خدا تعالیٰ اسے تونگر و غنی کرے پھر چالیس (۴۰) مرتبہ سورہ کوثر پڑھے۔ انشاء اللہ مال کثیر پائے گا۔

چھتیسواں عمل وختم

سورہ یاسین

ترکیب: بروز جمعرات دو رکعت نماز پڑھے پھر سورہ مبارکہ یاسین پڑھے متواتر تین دن عمل جاری رکھے۔

فائدہ: برائے حصول مال و دنیا، عزت وقار، جاہ منصب اور ترقی کے لئے مجرب ہے۔

سینتیسواں عمل

فائدہ: برائے طلب مال، عزو جاہ، خیر و عافیت اور حفظ جان و ناموس کے لئے مجرب ہے۔

ترکیب: نماز صبح فریضہ کے سلام ادا کرنے کے فوراً بعد یہ کہے!

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الطَّاهِرِيْنَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَدْعُوْكَ بِاَسْمَائِكَ الْحُسْنٰى۔

ایک مرتبہ پڑھے اس کے بعد (۱۰۶) مرتبہ یہ دعا پڑھے۔

يَا جَوَادُ يَا لَطِيْفُ يَا بَاسِطُ يَا مُغْنِىْ يَا اَللّٰه لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ.

پھر یہ دعا پڑھے اَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّىَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ مُحَمَّدَ اَنْ تُعَلِّمَنِىْ مِنْ خَزَائِنِ جُوْدِكَ مَا تُغْنِيَنِىْ عَنِّىْ لَا اَحْتِيَاجُ بِهٖ اِلٰى غَيْرِكَ وَاَنْ تُعِيْنَنِىْ عَلٰى طَاعَتِكَ وَاَدَاءِ حَقِّكَ اِلَيْكَ۔

...... اڑتیسواں عمل و ختم ......

آیات سورہ بقرہ

يَا بَنِىْ اِسْرَائِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِىَ الَّتِىْ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَوْفُوْا بِعَهْدِىْ اُوْفِ بِعَهْدِكُمْ وَاِيَّاىَ فَارْهَبُوْنِ۔

وَاٰمِنُوْا بِمَا اَنْزَلْتُ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ وَلَا تَكُوْنُوْا اَوَّلَ كَافِرٍ بِهٖ وَلَا تَشْتَرُوْا بِاٰيٰتِىْ ثَمَنًا قَلِيْلًا وَ اِيَّاىَ فَاتَّقُوْنِ۔

وَلَا تَلْبِسُوْا الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوْا الْحَقَّ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ۔

ترکیب: چالیس روز متواتر بالا آیات کو روزانہ (۲۱) مرتبہ پڑھے جملہ مشکلات کے حل کے لئے نہایت مجرب ہے۔

انتالیسواں عمل وختم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ترکیب: شب جمعہ تہجد کے وقت بیدار ہوکر کامل وضو کرے پھر دو رکعت با نیت حاجت بجالائے۔اس کے بعد یک صد (۱۰۰) مرتبہ صلوٰۃ پڑھے پھر ایک سو مرتبہ یہ پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بِحَقِّ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

انشاء اللہ حاجات پوری ہوں گی۔اگر پہلی بار عمل بے نتیجہ ثابت ہوتو دوسری دفعہ اس ہی طریقہ سے بجالائے یقیناً مقصد حل ہوگا۔

چالیسواں عمل

نماز برائے وسعت رزق

ترکیب: پہلے غسل کرے پھر شب جمعہ کو دو رکعت نماز بجالائے بہتر ہے کہ بعد از حمد سات مرتبہ سورہ الم نشرح پڑھے اور گیارہ مرتبہ یہ آیات پڑھے۔

اَلَمْ عِنْدَهُمْ خَزَائِنُ رَحْمَتِه رَبِّكَ الْعَزِيْزَ الْوَهَّابِ اَمْ لَهُمْ مُلْكُ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا فَلْيَرْتَقُوْا فِى الْاَسْبَابِ۔

دوسری رکعت میں اسی طرح بجالائے بعد نماز پھر ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ (یا وھاب) پڑھے۔

فوائد: وسعت رزق،حصول ثروتمندی،مطلب کا حصول اور دلی خواہش پوری ہوگی۔

اکتالیسواں عمل

(اَلْمَلِکُ)

فائدہ: برائے عزت وقار ہمیشہ کا جاہ واقتدار و بقاء سلط و جاہ وحشمت کے لئے ہمیشہ اَلْمَلِکُ کا ورد جاری رکھیں۔

بیالیسواں عمل

سُبْحَانَ الْمَلِکِ الْحَیِّ الْقَیُّوْمِ الَّذِیْ لا یَمُوْتُ۔

بکثرت ذکر جاری کرے خصوصاً نصف شب کو ہزار دفعہ پڑھے اس کے رو کے ہوئے کام استوار ہوں گے بند ھے ہوئے کاموں کی گرہیں کھل جائیں گی۔

تینتالیسواں عمل

فائدہ: یہ ختم خدائے متعال کے مخفی خزانوں سے ایک ہے دینی ودنیاوی حاجات کے لئے موثر ہے اور مجرب ہے وسعت رزق کے لئے بھی اکسیر ہے۔

ترکیب: تہجد کے وقت دو رکعت نماز پڑھے پہلی رکعت۔ بعداز حمد سترہ (۱۷) مرتبہ سورہ قُلْ یٰٓاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ دوسری رکعت۔ بعداز حمد سترہ (۱۷) مرتبہ سورہ توحید پڑھے رکوع میں سترہ (۱۷) مرتبہ سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ سجدوں میں سترہ (۱۷) مرتبہ سُبْحَانَ رَبِّیَ الاعلٰی وَبِحَمْدِہٖ سلام ادا رکنے کے بعد سترہ (۱۷) مرتبہ آیتِ الکرسی پڑھے یہ ختم شریف خدا کے خزانوں میں سے ایک ہے اور مجرب ہے۔

چوالیسوساں عمل

فائدہ: برائے قضاء حوائج دینی و دنیاوی۔

ترکیب: منگل، بدھ، جمعرات کو روزہ رکھے قبل از افطار عشاء کے وقت کوئی چیز صدقہ دے پس نماز عشاء سے فارغ ہو تو سجدہ میں جائے اور یہ پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْئَلُکَ بِوَجْھِکَ الْکَرِیْمِ وَاِسْمِکَ الْعَظِیْمِ وَعَیْنِکَ الْمَاضِیَۃَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّآلِہٖ مُحَمَّدَ وَاَنَ تَقْضِیَ عَنِّی دَیْنِیَ وَتُوَسَّعَ رِزْقِیْ۔

نوٹ: شیخ طوسیؒ نے فرمایا ہے اس عمل کو ہمیشگی سے بجالایا جائے تو وسعت رزق کے لئے اکسیر ہے اور ادائیگی قرضہ کے لئے کیمیا ہے حاجات بھی پوری ہوں گی۔